سابقے لاحقے

سابقے اور لاحقے باقاعدہ الفاظ نہیں بلکہ حروف ہیں اور اِن حروف کی مدد سے نئے الفاظ بنالیے گئے ہیں۔ اُردو زبان میں ایسے بے شمار الفاظ ہیں جو سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے بنائے گئے ہیں لہٰذا اِن کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ سابقے اور لاحقے کے کوئی معانی نہیں ہوتے البتہ کسی لفظ کے ساتھ لگ کر یہ اُسے نئے اور منفرد معانی بخشتے ہیں۔

نمبر شمار	سابقے	الفاظ
۱	تنگ	تنگ دل، تنگ دست، تنگ نظر، تنگ حال
۲	ہر	ہر چند، ہر دلعزیز، ہرفن مولا، ہرگز
۳	بالا	بالا دست، بالا خانہ، بالانشین
۴	تند	تندمزاج، تندخو، تندزباں، تندرفتار
۵	صدر	صدر بازار، صدر مقام، صدر دروازہ، صدر دفتر
۶	پس	پس منظر، پس ماندہ، پس انداز، پسپا
۷	پاک	پاک دل، پاک باز، پاک دامن، پاک فطرت
۸	دو	دوبالا، دوچند، دوپہر، دوٹوک
۹	پا	پامال، پابند، پاپیادہ، پازیب
۱۰	بیت	بیت المال، بیت المقدس، بیت الحزن، بیت الحرام

نوٹ: ٹیکسٹ بک کی پڑھائی کے دوران بھی سابقوں کی نشاندہی کروائی جائے۔

The City School

لاحقے

الفاظ	لاحقے	نمبر شمار
رونق افروز، ایمان افروز، جلوہ افروز، دل افروز	افروز	۱
ولولہ انگیز، حیرت انگیز، درد انگیز، شر انگیز	انگیز	۲
مصلحت آمیز، حکمت آمیز، توہین آمیز، زہر آمیز	آمیز	۳
فرماں بردار، علم بردار، ناز بردار، بار بردار	بردار	۴
راحت بخش، صحت بخش، آرام بخش، فرحت بخش	بخش	۵
زرخیز، مردم خیز، صبح خیز، فتنہ خیز	خیز	۶
اشک بار، شعلہ بار، گراں بار، گوہر بار	بار	۷
دادرس، فریادرس، دُوررس، نکتہ رس	رس	۸
دل پسند، خود پسند، ترقی پسند، صلح پسند	پسند	۹
مہمان نواز، غریب نواز، بندہ نواز، دل نواز	نواز	۱۰

The City School

محاورات

لغت کی رُو سے محاورہ آپس میں گفتگو اور بات چیت کرنے کو کہتے ہیں مگر اہلِ زبان کی اصطلاح میں محاورہ دو یا دو سے زیادہ ایسے الفاظ کے مجموعے کو کہتے ہیں جو ''لغوی معنوں'' کے بجائے ''مجازی معنوں'' میں استعمال ہو یعنی اِس کا مفہوم اپنے اصل مطلب سے مختلف ہوتا ہے۔

نمبر شمار	محاورات	معانی
۱	بول بالا ہونا	عزت یا شہرت ہونا
۲	تیور بدلنا	غصّے میں آنا
۳	ٹکا سا جواب دینا	صاف انکار کرنا
۴	ہاتھوں ہاتھ لینا	فوراً لینا
۵	خیالی پلاؤ پکانا	ایسی باتیں سوچنا جو ممکن نہ ہو
۶	چاند پر تھوکنا	نیک آدمی کو بدنام کرنا
۷	داغ بیل ڈالنا	کسی کام کی ابتدا کرنا
۸	زخموں پر نمک چھڑکنا	بہت تکلیف دینا
۹	ستارہ گردش میں ہونا	بُرے دن آنا
۱۰	جنگل میں منگل ہونا	ویرانے میں رونق ہونا

The City School

نوٹ۔ٹیکسٹ بک کی پڑھائی کے دوران محاورات کی نشاندہی کروائی جائے۔